بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

وفاق المدارس العربیہ پاکستان

Wifaq-ul-Madaris-il-Arabia, Pakistan.

مرکزی دفتر: گارڈن ٹاؤن شیر شاہ روڈ مُلتان

فون نمبر: 061-6514525 - 26 - 27
فیکس نمبر: 061- 6539485

حوالہ نمبر: AM-7466-1440/s

تاریخ: 10-11-1440
14-07-2019

گرامی قدر حضرت مہتمم صاحب زید مجدہم

السلام علیکم ورحمة الله وبرکاته!

وفاق المدارس العربیہ پاکستان ابتداء سے ہی عدم تشدد کی تعلیمی پالیسی پر عمل پیرا ہے۔ اکابر وفاق نے شروع میں جو قواعد وضوابط مرتب کئے تھے، ان میں طلبہ پر زدوکوب کرنے سے منع کیا گیا ہے۔ حضرت مولانا خیر محمد جالندھری صاحب رحمۃ اللہ علیہ کی مرتب کردہ ہدایات میں تحریر ہے کہ ''استاد کو بہت زیادہ ضابط نفس، متحمل المزاج اور ٹھنڈے دل ودماغ کا مالک ہونے کی ضرورت ہے۔ بدقسمتی سے جتنا یہ کام مشکل ہے، اتنا ہی اسے آسان سمجھ لیا گیا اور ہر کس وناکس کے سپرد کردیا جاتا ہے۔ ارباب مدارس کو اس بارے میں بہت زیادہ احتیاط برتنی چاہئے''۔ الحمدللہ! اکثر مدارس میں ان ہدایات پر عملدرآمد کیا جاتا ہے، البتہ بہت کم جگہوں پر شکایات بھی پائی جاتی ہیں۔

اب سرکاری سطح پر بھی بچوں پر زدوکوب کو ممنوع قرار دیا گیا ہے۔ اس حوالے سے پنجاب حکومت کی طرف سے ایک نوٹیفکیشن جاری ہوا ہے جس کا خلاصہ یہ ہے کہ طلبہ پر کسی بھی قسم کا جسمانی تشدد کرنا، ذہنی اذیت دینا اور گالم گلوچ وغیرہ ممنوع ہے، نیز اس نوٹیفکیشن میں تحریر کیا گیا ہے کہ:

''اگر اس طرح کی کوئی بھی چیز سامنے آئی تو اس ادارے کے ذمہ دار استاد کے خلاف اس قانون کے تحت کارروائی کی جاسکتی ہے اور اس کی ذمہ داری متعلقہ ذمہ دار/ڈائریکٹر کی ہوگی، چاہے وہ گورنمنٹ کا تعلیمی ادارہ ہو یا نجی تعلیمی ادارہ، اس پالیسی کے تحت ایسے ذمہ داروں کے خلاف ایکشن لیا جائے گا''۔

چنانچہ اس نوٹیفکیشن کے تناظر میں اہل مدارس سے گزارش ہے کہ اس حوالے سے مزید احتیاط برتی جائے۔

والسلام

(حضرت مولانا) ڈاکٹر عبدالرزاق اسکندر
صدر: وفاق المدارس العربیہ پاکستان

(حضرت مولانا) محمد حنیف جالندھری
ناظم اعلیٰ: وفاق المدارس العربیہ پاکستان